4311CH02

# 2 اعداد کا کھیل




رادھیکا، گوری، وکی، اندرا اور سنیل املی کے بیج جمع کر رہے تھے۔


- ________ نے سب سے زیادہ بیج جمع کیے تھے۔
- سنیل اور بیج جمع کرے گا تو اُس کے بیج وکی کے برابر ہو جائیں گے۔
- اگر رادھیکا 6 بیج اور جمع کر لے تو اس کے پاس ______ بیج ہو جائیں گے۔
- کتنے بچوں کے پاس 40 سے زیادہ بیج ہیں؟ ________
- ________ کو، 3 بیج اور جمع کرنے پر، اس کے پاس 50 بیج ہو جائیں گے۔
- سنیل کے پاس 40 سے 2 بیج کم ہیں اور ______ کے پاس 40 سے دو بیج زیادہ ہیں۔

© NCERT not to be republished

## نقطوں کا کھیل

اندازہ لگائیے دائرہ میں کتنے نقطے ہیں۔ اب ان نقطوں کو گنیے اور دیکھیے کہ آپ کا اندازہ کتنا صحیح ہے۔ دائرے بنا کر یہ کھیل اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلیے۔ دیکھیے کس کا اندازہ سب سے زیادہ اچھا ہے۔




بچوں کے ساتھ کچھ ایسے دلچسپ مشق کرانے کی ضرورت ہے جس میں وہ دیکھ کر اعداد کا اندازہ لگانا چاہیں کچھ چیزیں بے ترتیب ڈھنگ سے رکھی ہوں یا گروپ میں۔ انداز کی مشق کے لیے استاد ایسی کئی دلچسپ مثالیں سوچ سکتا ہے، جیسے بازار میں بکنے والی پتوں کی گڈی، اسکول کا اجلاس، میدان میں جمع بھیڑ، ٹوکریوں اور چٹائیوں پر بنے ڈیزائن وغیرہ۔ ان مشقوں سے بچے مختلف اعداد کے بارے میں سوچیں گے، اندازہ لگائیں گے۔ اس کتاب میں کئی جگہ چیونٹی  آکر بچوں کو انداز لگانے کی بات کہتی ہے۔



2019-20

# دھونی کی سنچری

ہندوستان اور ساؤتھ افریقہ کے درمیان ایک دن کا کرکٹ میچ گوہاٹی میں .....، ہندوستان پہلے بلے بازی کر رہا ہے......۔





## نیچے دی گئی خالی جگہوں کو بھریئے:

دھونی نے ______ = ______ + 96 رن بنائے۔

ان کھلاڑیوں کو سنچری بنانے کے لیے کتنے رن بنانے کی ضرورت ہوگی؟


| | بنائے گئے رن | سنچری بنانے کے لیے رنوں کی ضرورت |
|---|---|---|
| پہلا کھلاڑی | 93 | ________ |
| دوسرا کھلاڑی | 97 | ________ |
| تیسرا کھلاڑی | 89 | ________ |
| چوتھا کھلاڑی | 99 | ________ |

اعداد کی سمجھ صرف سلسلہ میں گنتی یاد کرنے سے نہیں بلکہ مانوس سیاق وسباق سے تعلق قائم کرنے کے ذریعہ پیدا ہوتی ہے۔ یہاں رنوں کی سنچری بنانے کا تصور استعمال کیا گیا ہے۔ اساتذہ تین ہندسے کے اعداد کے لیے بچوں کو روزمرہ کی زندگی سے جڑی کچھ اور مثالیں سوچ سکتے ہیں۔ بچوں کو ایسے بڑے سے بڑے اعداد بھی بولنے کے لیے آمادہ کیجیے جسے وہ ابھی پڑھ اور لکھ نہیں سکتے۔




خالی جگہوں کو بھریے :

| 99-112 | | 195-206 | |
|---|---|---|---|
| اعداد (گنتی میں) | اعداد (الفاظ میں) | اعداد (گنتی میں) | اعداد (الفاظ میں) |
| 99 | ننانوے | 195 | ایک سو پچانوے |
| 100 | ایک سو | 196 | ایک سو چھیانوے |
| 101 | ایک سو ایک | 197 | ایک سو ستانوے |
| 102 | ____ | 198 | ایک سو اٹھّانوے |
| 103 | ایک سو تین | ____ | ایک سو ننانوے |
| 104 | ایک سو چار | 200 | دو سو |
| ____ | ایک سو پانچ | 201 | دو سو ایک |
| 106 | ایک سو چھ | ____ | ____ |
| 107 | ____ | 203 | دو سو تین |
| ____ | ایک سو آٹھ | ____ | دو سو چار |
| 109 | ایک سو نو | 205 | دو سو پانچ |
| 110 | ایک سو دس | 206 | ____ |
| 111 | ایک سو گیارہ | | |
| ____ | ایک سو بارہ | | |




© NCERT not to be republished

## کرکٹ کے عالمی کپ کے سب سے بڑے دس اسکور



| کھلاڑی | بنائے گئے رن (اسکور) |
|---|---|
| اے۔پی۔جے | 128 |
| اے۔ایس | 100 |
| سی۔کے | 99 |
| ڈی۔ایم | 162 |
| کے۔ایس۔پی | 152 |

| کھلاڑی | بنائے گئے رن (اسکور) |
|---|---|
| ایم۔ڈی | 178 |
| پی۔کے | 105 |
| ایس۔ٹی | 141 |
| ٹی۔پی۔کے | 112 |
| وی۔وی۔ایس | 127 |



* سی ۔ کے اپنی سنچری بنانے سے چوک گیا۔ سنچری بنانے کے لیے اس کو اور کتنے رنوں کی ضرورت تھی؟ ________
* ______ اور ______ نے تقریباً برابر رن بنائے۔
* ______ نے پوری ایک سنچری بنائی، نہ کم نہ زیادہ۔
* کسی بلے باز کے ذریعے بنائے گئے سب سے زیادہ رن ________ ہیں
* _____ اور ______ کے درمیان صرف ایک رن کا فرق ہے۔
* ______ نے ڈیڑھ سنچری سے 2 رن زیادہ بنائے۔



© NCERT not to be republished


2019-20







## دس کی گنتی میں




| | | | |
|---|---|---|---|
| 10 | 110 | 310 | — |
| 20 | — | — | 720 |
| 30 | — | — | — |
| — | — | — | — |
| — | — | — | — |
| — | — | — | — |
| — | — | — | — |
| — | — | — | 780 |
| — | 190 | — | — |
| 100 | 200 | 400 | — |




## 50 کی گنتی میں

| | |
|---|---|
| 200 | 550 |
| 250 | — |
| — | 650 |
| 350 | — |
| — | 750 |
| — | — |
| 500 | 850 |

آپ اس طرح کہاں تک گن سکتے ہیں؟

سب سے بڑا عدد آپ کون سا بتا سکتے ہیں؟ ________

## اعداد کو رنگیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 744 | 810 | 45 | 401 | 54 |
| 555 | 374 | 171 | 261 | 159 |
| 656 | 140 | 179 | 891 | 16 |
| 195 | 155 | 410 | 159 | 685 |
| 454 | 136 | 60 | 74 | 699 |
| 800 | 445 | 642 | 202 | 943 |

نیچے لکھے اعداد کو اوپر دیئے گئے چارٹ میں ڈھونڈ کر رنگیے۔


| پیلا | لال | ہرا |
|---|---|---|
| چارسو پینتالیس | چوّن | ایک سو چالیس |
| سولہ | ساٹھ | دوسو دو |
| ایک سو انسٹھ | ایک سو پچانوے | دو سو اکسٹھ |
| چھ سو پچاسی | پانچ سو پچپن | آٹھ سو |
| 600 + 90 + 9 | 600 + 40 + 2 | 300 + 70 + 4 |
| 70 + 4 | 100 + 70 + 9 | 600 + 50 + 6 |
| 1 + 90 + 80 | 800 + 10 | 5 + 50 + 100 |

© NCERT not to be republished



2019-20

# کودتے پھاندتے جانور ....






گبرو، بنّی اور ٹرّو
مزے۔مزے سے سارے راستے
کودتے۔ پھاندتے چلے۔گبرو ہر ساتویں خانے میں کود رہا تھا۔بنی ہر پانچویں خانے میں کود رہا تھا۔ٹرّو ہر چوتھے خانے میں کود رہا تھا۔

گبرو نے 90 والے خانے سے کودنا شروع کیا۔

بنّی نے 99 والے خانے سے کودنا شروع کیا۔

ٹرّو نے 106 والے خانے سے کودنا شروع کیا۔






بنّی کی دسویں چھلانگ ـــــ والے خانے پر ہے۔

ڑرّو کی دسویں چھلانگ ـــــ والے خانے پر ہے۔

گبرو کی دسویں چھلانگ ـــــ والے خانے پر ہے۔

گبرو اور بنّی دونوں ہی 104 اور ـــــ والے خانوں میں کودیں گے۔

## معلوم کیجیے:

- ڑرّو اور بنّی دونوں ہی ـــــ، ـــــ، ـــــ اور ـــــ خانوں پر کودیں گے۔
- کیا کوئی ایسا خانہ بھی ہے جس پر یہ تینوں ہی کودیں گے؟ ـــــ
- اندازہ لگایئے کہ کون سب سے کم چھلانگوں میں آخر تک پہنچے گا؟ ـــــ

ـــــ کودے گا ـــــ ویں چھلانگ میں

© NCERT not to be republished

## کلاس، کود !




دو قدم آگے کودو:

104, 106, 108, ____, ____, ____, ____

دو قدم پیچھے کودو:

262,260,258, ____, ____, ____, ____

دس قدم آگے کودو:

110 ,120,130, ____, ____, ____, ____

دس قدم پیچھے کودو:

200,190,180, ____, ____, ____, ____




اس پیٹرن کو آگے بڑھایئے:

550,560,570 , ____, ____, ____, ____

910,920,930,940 , ____, ____, ____,

209,207,205, ____, ____, ____, ____

401,402,403, ____, ____, ____, ____




© NCERT not to be republished

# انوکھی دوکان

یہ جنگل کی ایک دوکان ہے۔اس میں من موجی دوکان دار صرف دس اور سو کی تھیلیوں میں سامان دیتا ہے۔دس سے کم ہونے پر کھلی چیزیں دیتا ہے۔





معلوم کیجیے کہ الگ الگ جانوروں نے دس اور سو کی کتنی کتنی تھیلیاں لیں اور کتنی چیزیں کھلی لیں

| کھُلی ہوئی چیزیں | 10 کی تھیلیاں | 100 کی تھیلیاں | | |
|---|---|---|---|---|
|  |  |  | 143 |  |
| ____ | ____ | ____ | 210 |  |
| ____ | ____ | ____ | 242 |  |
| ____ | ____ | ____ | 552 |  |



2019-20

یہ دوکاندار کا پیسے لینے کا طریقہ بھی انوکھا ہی ہے۔ وہ صرف  کا نوٹ،  کا نوٹ اور  کا سکّہ لیتا ہے۔ اب بتائیے وہ سب جانور اپنی خریدی ہوئی چیزوں کے پیسے کیسے دیں گے۔



420 روپے



143 روپے



242 روپے



55 روپے

## میں کون ہوں؟ عدد سے ملان کرو۔

| | |
|---|---|
| a) میں 40 اور 50 کے درمیان میں آتا ہوں۔ اور مجھے لکھنے میں ایک 5 بھی آتا ہے۔ | 96 |
| b) مجھے لکھنے میں 9 آتا ہے اور میں 90 کے بہت قریب ہوں۔ | 150 |
| c) اگر آپ میرے بعد ایک چوکا ماریں تو آپ کی سنچری پوری ہو جائے گی۔ | 45 |
| d) میں دس روپے کے دس نوٹوں کے برابر ہوں۔ | 89 |
| e) میں ہوں سنچری + آدھی سنچری | 87 |
| f) میں 77 اور 97 کے بالکل درمیان میں ہوں۔ | 100 |


اس سبق میں کئی کہانیوں اور مشقوں کا استعمال کیا گیا ہے تاکہ بچوں کو دس پر مبنی عددی نظام کو سمجھنے میں مدد ملے۔ مقامی قیمت، یہ لفظ بچوں میں اکثر الجھن پیدا کر دیتا ہے۔ اس کا یہاں کہیں بھی استعمال نہیں کیا گیا ہے۔ ٹیچر کو مقامی سطح پر استعمال ہونے والے دوسرے عددی نظاموں کا بھی پتہ لگانا چاہیے خاص طور سے تب جب وہ شیڈول کاسٹ طبقے کے ساتھ کام کر رہے ہوں۔

© NCERT not to be republished


## یہ کتنے ہیں؟




روپے ____



تیلیاں ____




بلاک ____



موتی ____



میں کون ہوں؟
سب سے بڑی نہ گنتی بھائی
کوئی بھی جو گنتی آئی
مجھے جوڑ کر اگلی پائی
گنتی بھی میں نے کروائی۔



© NCERT not to be republished




## چندا ماما اپنے چمکتے ہوئے دوستوں کو گنتے ہیں

میں نے ایک ستارہ گنا اور ایک 1 کارڈ اپنی جیب میں رکھا۔

ایک ستارے کے لیے 1 ۔ دو ستاروں کے لیے 1 1 ۔

1 1 1 1 1 کتنے ستاروں کے لیے؟__________

جب میرے پاس 1 کے 10 کارڈ ہو گئے تو میں نے ان کو اس طرح کے ایک کارڈ 10 سے بدل دیا۔

1 1 1 1 1 1 1 1 1 1 ← 10

لیکن میرے دوست آتے رہے۔ اس لئے مجھے اور گنتے ہی جانا تھا۔ میری جیب بھر چکی تھی۔ اس لئے جب میرے پاس 10 والے 10 کارڈ ہو گئے تو میں نے انہیں 100 کے ایک کارڈ سے بدل دیا۔

10 10 10 10 10 10 10 10 10 10 ← 100

لیکن میرے دوست آتے ہی گئے، آتے ہی گئے۔ میری جیبیں پوری بھر گئیں دیکھو تو میرے پاس کتنے کارڈ ہو گئے۔



2019-20




میری جیب میں کون کون سے کارڈ ہوں گے اگر میں نے لکھا...

a. 19 ⟶ 


b. 21 ⟶

c. 95 ⟶

d. 201 ⟶ 


e. 260 ⟶

f. 300 ⟶

g. 306 ⟶


h. 344 ⟶

i. 350 ⟶

j. 400 ⟶

© NCERT not to be republished

جب 10 10 کے دو کارڈ میری جیب میں ہو گئے تب میں جان گیا کہ میں نے 20 ستارے گن لئے۔ اب آپ مجھے ہر خانے میں گنے ہوئے ستاروں کی تعداد بتاؤ۔ خالی جگہوں میں جواب لکھئے۔







اندازہ لگایئے کہ آسمان میں میرے کل کتنے دوست ستارے ہیں ........!!!

© NCERT not to be republished